دیکھیں: المغنی ابن قدامہ ( 2 / 339 ).

اور بعض علماء کرام کا کہنا ہے کہ: جو موجودہ نماز ادا کر رہا ہے اسے مکمل کرے، اور پھر بعد میں فوت شدہ نماز ادا کر لے، تو اس پر موجودہ نماز دوبارہ لوٹانی لازم نہیں، امام شافعی رحمہ اللہ تعالی کا مسلك یہی ہے.

دیکھیں: المجموع ( 3 / 70 ).

اور شیخ ابن عثیمین رحمہ اللہ تعالی نے بھی اسے ہی اختیار کیا ہے.

دیکھیں: مجموع فتاوی ابن عثیمین ( 12 / 221 ).

لیکن پہلا قول زیادہ زیادہ محتاط ہے.

سوم:

سائل کا یہ قول:

اس نے بیمار ہونے کی وجہ سے صبح کی نماز ادا نہیں کی تھی.

یہ عمل صحیح نہیں؛ کیونکہ نماز کا وقت نکل جانے تك نماز ترك کرنے کے لیے بیماری کوئی عذر نہیں، بلکہ مسلمان شخص پر بروقت نماز ادا کرنا فرض ہے، پھر اگر وہ مریض ہے تو اپنی استطاعت کے مطابق نماز ادا کرے کیونکہ اللہ تعالی کسی بھی جان کو اس کی استطاعت سے زیادہ مکلف نہیں فرماتے.

چنانچہ اگر وہ کھڑے ہو کر نماز ادا کرنے سے عاجز ہو تو بیٹھ کر نماز ادا کر لے، اور اگر بیٹھنے سے بھی عاجز ہو تو پہلو کے بل نماز ادا کر لے، اور اگر وضوء کرنے سے عاجز ہو تو تیمم کر لے، اور اگر اس کے بدن نجاست لگی ہو اور وہ اسے زائل کرنے سے عاجز ہو تو جس حالت پر ہے اسی حالت میں نماز ادا کر لے، اور اسی طرح .

لیکن اس کے لیے طہارت و پاکیزگی اور نجاست زائل کرنے سے عاجز ہونے کی بنا پر نماز وقت سے تاخیر کرنی جائز نہیں، بلکہ وہ حسب استطاعت نماز ادا کرے گا، اور جس قدر اس میں نماز کے واجبات اور فرائض ادا کرنے کی استطاعت ہو گی وہ حسب استطاعت ادا کرے گا، لیکن جس کی استطاعت نہیں رکھتا وہ عدم استطاعت کی بنا پر اس سے ساقط ہو جائینگے.

دیکھیں: شیخ ابن باز رحمہ اللہ کا " احکام صلاۃ المریض و طہارتہ " کے موضوع پر لکھا ہوا پمفلٹ.

واللہ اعلم .